## سوال

(257) زید کی شادی کے بعد زید پاگل ہوگیا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کی شادی ہندہ سے ہوئی تھوڑے عرصے کے بعد زید پاگل ہوگیا۔کتنے دنوں تک توبالکل غائب رہا۔ مگراب دو چار مہینے سے ایک دوسری جگہ میں ہے۔ مکان پر نہیں ہے۔ مگر حالت بدستور بلکہ پہلے پاگل پن میں اضافہ ہی ہے۔ چار برس کا زمانہ ہوا پاگل ہوئے ہندہ ابھی نوجوان ہے زید سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اب ہندہ کتنے روزتک صبر کرے۔ اب زید کا خود ایک خورد سگا بھائی موجود ہے۔ ابھی اس کی شادی نہیں ہوئی زید کے والدین چاہتے ہیں۔ کہ زید کے بھائی سے اس کا نکاح کردیں۔ اور ہندہ بھی راضی ہے۔ اوراس کے ولی بھی اب سوال یہ ہے کہ زید کے والدین کس صورت سے نکاح کریں۔ جواب تحریر فرمایئں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نکاح اول بذریعہ عدالت فسخ کرادیں۔ پھر نکاح ثانی کرسکتے ہیں۔ اگر عدالت تک رسائی مشکل ہو تو برادری کی پنچایت نسخ کردے۔ (اہلحدیث امرتسر ص 13 نومبر 19384ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری](#)

### جلد 2 ص 209

محدث فتویٰ